37039 ـ كٹی ہوئي چكی والادنبہ قربانی كے قابل نہيں ہے

سوال

كياچھوٹی عمرميں ہی كٹی ہوئي چكی والا دنبہ قربانی اورعقيقہ كے قابل ہے ، اس كی چكی عمدا كاٹی گئي تھی تا كہ اس كا پورا جسم موٹا ہوجائے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

كٹی ہوئي چكی والا دنبہ قربانی ، عقيقہ اورحج ميں ذبح كی جانے والی قربانی كے قابل نہيں اس كی دليل مندرجہ ذيل حديث ميں پائي جاتی ہے :

اميرالمومنين علی رضي اللہ تعالی عنہ بيان كرتے ہيں كہ رسول اكرم صلی اللہ عليہ وسلم نے ہميں حكم ديا كہ :

ہم جانور كی آنكھ ، كان ، كواچھی طرح چيک كريں ، اورٹيڑھی آنكھ والا ، اورمقابلۃ ، اورنہ ہی مدابرہ (جس كےكان كا پچھلاحصہ كٹاہوا ہو ، اورنہ ہی خرقاء اورنہ شرقاء كی قربانی كريں ۔

مسند احمد (2 / 210) حديث نمبر (851) امام ترمذی اورابن حبان نے اسے صحيح قرار ديا ہے اوراسے چاروں نے روايت كيا ہے ۔

المقابلۃ : اس جانور كوكہتے ہيں جس كے كان كا اگلا حصہ كاٹ ديا جائے اورباقی لٹكتا رہا ۔

الخرقاء : كان ميں سوراخ والے جانور كوكہتے ہيں ۔

الشرقاء : پھٹے كان والےجانور كوكہتے ہيں ۔

يہ تواس حالت ميں ہے جب اس كی دم يا چكی كٹی ہوئي ہو ، ليكن اگر دنبے يا مينڈھے كی دم اورچكی اصلا پيدا ہی نہ ہوئي ہو تواس كا حكم الجماء يعنی بغيرسينگ والے اورالصمعاء يعنی چھوٹے كان والےكا ہے اوريہ قربانی كے قابل ہوتا ہے ۔ .